حیات قائد کے مذہبی و روحانی پہلو پر منفرد کتاب
قائدِ اعظم کا مسلک
رحمۃ اللہ علیہ
تحریر و تحقیق
سید صابر حسین بخاری
بزمِ رضویہ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

إِنَّ الَّذِينَ يُحِبُّونَ أَن تَشِيعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِينَ آمَنُوا لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ (القرآن، النور آیت ۱۹)

وہ لوگ جو چاہتے ہیں کہ مسلمانوں میں برا چرچا پھیلے انکے لئے دردناک عذاب ہے دنیا اور آخرت میں

تحریر و تحقیق:

سید صابر حسین شاہ بخاری

بزمِ رضویہ رجسٹرڈ. لاہور

بسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ۵

اسلامی سلسلہ اشاعت نمبر ۴۳

کتاب	:	"قائداعظم (علیہ الرحمۃ) کا مسلک ؟"
مصنف	:	سید صابر حسین شاہ بخاری مدظلہ العالی
موضوع	:	سیرت قائداعظم کے ایمان افروز پہلو کی دل آویز تحقیق
پروف ریڈنگ	:	محمد رفیق شیخ حنفی قادری، ایم اے (معاشیات)
اشاعت حاضرہ	:	کتابی صورت مع ترامیم و توضیحات (بزم رضویہ، لاہور)
بار اول	:	۱۶ رمضان المبارک ۱۴۲۰ھ / ۲۵ دسمبر ۱۹۹۹ء
ضخامت	:	صفحات
تعداد	:	ایک ہزار (۱۰۰۰)
ہدیہ	:	روپے

ناظم اعلیٰ محمد سلیم حنفی قادری رضوی جلالی

ملنے کا پتہ: بزم رضویہ (رجسٹرڈ) ۱۴/۳۷، داتا نگر بادامی باغ، لاہور
پوست کوڈ نمبر ۵۴۰۰۰

☆ مسلم کتابوی، دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ، لاہور

☆ فیضان طیبہ لائبریری، نزد نورانی مسجد، عقب ایم بلاک، وحدت کالونی، لاہور ۵۴۶۰۰

کو دیکھا جا سکتا ہے جس میں موصوف نے روح پرور اور ایمان افروز واقعات کو دلائل و براہین سے رقم فرمایا ہے کہ حضرت قائد اعظم علیہ الرحمتہ کو بارہا مرتبہ "نبی اکرم" رسول معظم، محسن اعظم" جناب احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ واصحابہ وسلم نے اپنی زیارت سے بہرہ مند فرما کر ان کی تحریکی خدمات کو شرف قبولیت سے نوازا ہے۔۔۔۔ تفصیل کے لئے دیکھیے حضرت بخاری شاہ صاحب مدظلہ کی مذکور الصدر تصنیف جو آپ سے قائد اعظم علیہ الرحمتہ سے محبت و عقیدت کے پھول پیش کرنے کا مطالبہ کر رہی ہے۔

قائد اعظم کا مسلک؟

مسلک کے بغیر انسان حیوان کے مترادف ہے۔ دنیا میں کوئی انسان کسی بھی دین و مذہب سے متعلق ہو۔ کسی نہ کسی عقیدے سے وابستگی امر لازمی ہے۔۔۔ جو دہریت سے وابستہ ہیں وہ بھی عقیدے کا ہی اظہار کرتے ہیں تاہم اللہ تعالیٰ جل شانہ اور اس کے رسولوں علیہم السلام اور آسمانی کتابوں پر ایمان رکھنے والے تو برملا عقائد کا اظہار کرتے ہیں' یہاں تفصیل کی چنداں ضرورت نہیں۔۔۔۔ جب ہر ایک انسان کوئی نہ کوئی عقیدہ رکھتا ہے تو ہر ایک سے عقیدے کی شناخت اور پہچان بھی ضروری نہیں مگر وہ انسان خصوصاً مسلمان جسے تاریخ نے ایک مقام اور امتیازی شان سے نوازا ہو اس کے چاہنے والے اس کے عقیدے کے بارے جملہ معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں اور یہ ایک فطری تقاضہ بھی ہے۔۔۔۔ عالم اسلام کی سیاسی شخصیات میں قائد اعظم محمد علی جناح کا جو مقام ہے وہ کسی سے بھی پوشیدہ نہیں۔۔۔۔ اس لئے برِ اعظم ایشیاء کی اسلامی اکثریت اہل سنت و جماعت سے منسلک ہے' ان کے دلوں کی ترجمانی کرتے ہوئے محترم المقام سید صابر حسین شاہ بخاری مدظلہ نے "قائد اعظم کے مسلک" پر یہ تحقیقی و تاریخی کتاب لکھ کر نہ صرف اکثریت پر احسان کیا ہے بلکہ اہل تحقیق کے لیے بھی منزل آسان کر دی اور مورخین کے قلم کو قائد اعظم کے سچے اور سُچے مسلک سے روشناس کرانے کے لئے اتنا ذخیرہ صداقت فراہم کر دیا ہے کہ کسی کو انکار